No. of Printed Pages : 7 **BUDC-101**

# B.A. (Hons.) (Urdu)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDC-101 : Afsanavi Adab ka Mutala

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ: سبھی حصّوں سے تمام سوالوں کے جواب لکھئے اور ہر سوالوں کے نمبرات ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ 'الف')

۱۔ میر امّن کا تعارف کراتے ہوئے 'باغ و بہار' پر تبصرہ کیجئے۔ ۱۰

یا

افسانہ 'نیا قانون' کے مرکزی خیال کی وضاحت کرتے ہوئے درج ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے:

''وہ دن گزر گئے۔ جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے ۔۔۔۔ اب نیا قانون ہے میاں ۔۔۔۔ نیا قانون!'' اور بیچارا گورا اپنے بگڑے ہوئے چہرے کے ساتھ بیوقوفوں کی مانند کبھی استاد منگو کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی ہجوم کی طرف۔

استاد منگو کو پولیس تھانے میں لے گئے۔ راستے میں اور تھانے کے اندر کمرے میں وہ ''نیا قانون''، ''نیا قانون'' چلاّتا رہا۔ مگر کسی نے ایک نہ سنی۔

''نیا قانون''، ''نیا قانون'' کیا بک رہے ہو۔۔۔۔

قانون وہی ہے پرانا! اور اس کو حوالات میں بند کر

دیا گیا!

۲۔ افسانہ 'کالو بھنگی' کا تعارف پیش کرتے ہوئے اس کا خلاصہ بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

داستان 'عجائب القصص' پر ایک نوٹ لکھئے۔

۳۔ 'فسانہء عجائب' اور 'بوستان خیال' میں معاشرت کی عکاسی پر اظہار خیال کیجئے۔ ۱۰

یا

درج ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے:

ہلکو نے آکر اپنی بیوی سے کہا ''شہنا آیا ہے لاؤ جو روپئے رکھے ہیں اسے دے دو کسی طرح گردن

تو چھوٹے۔'' منی بہو جھاڑو لگا رہی تھی۔ پیچھے
پھر کر بولی'' تین ہی تو روپئے ہیں دے دوں تو کمبل
کہاں سے آئے گا۔ ماگھ پوس کی رات کھیت میں
کیسے کٹے گی۔ اس سے کہہ دو فصل پر روپئے
دیں گے۔ ابھی نہیں ہے۔'' ہلکو تھوڑی دیر تک چپ
کھڑا رہا اور اپنے دل میں سوچتا رہا پوس سر پر آگیا
ہے۔ بغیر کمبل کے کھیت میں رات کو وہ کسی طرح سو
نہیں سکتا۔ مگر شہنا مانے گا نہیں، گھُڑکیاں دے گا۔ یہ
سوچتا ہوا وہ اپنا بھاری جسم لئے ہوئے (جو اس

کے نام کو غلط ثابت کر رہا تھا) اپنی بیوی کے
پاس گیا اور خوشامد کر کے بولا ''لا دے دے، گردن
تو کسی طرح سے بچے، کمبل کے لئے کوئی دوسری
تدبیر سوچوں گا''۔

(حصہ 'ب')

۴۔ کرشن چندر کی افسانہ نگاری سے بحث
کیجئے۔ ۱۵

یا

افسانہ نگاری کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر
کیجئے۔

۵۔ سعادت حسن منٹو کی افسانہ نگاری پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔ ۱۵

یا

افسانہ 'پوس کی رات' پر ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(حصہ 'ج')

۶۔ ناول کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فن سے مفصل بحث کیجئے۔ ۲۰

یا

داستان کے فن کا جائزہ لیتے ہوئے اس کے آغاز و ارتقاء پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

۷۔ ترقی پسند ناول نگاری کے حوالے سے تفصیلی مضمون قلمبند کیجئے۔ ۲۰

یا

آزادی کے بعد اُردو ناول نگاری سے مفصل اظہار خیال کیجئے۔

××××